© rasailojaraid.com



## دار العلوم کے شب و روز

جناب شفیق الدین فاروقی

**مولانا سید یوسف شاہ صاحب کو صدمہ** : دار العلوم حقانیہ کے مدرس، ترجمان دین کے ایڈیٹر، حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ کے سیکرٹری اور جمعیت علماء اسلام صوبہ سرحد کے سیکرٹری اطلاعات مولانا سید یوسف شاہ صاحب کے والد ماجد مولانا سید محمد یعقوب شاہ صاحبؒ گذشتہ دنوں مختصر علالت کے بعد حرکت قلب بند ہونے کے باعث انتقال فرماگئے۔ مولانا مرحومؒ ممتاز عالم دین اور جمعیت علماء اسلام لکی مروت کے سرپرست اور رہنما تھے۔ مولانا مرحومؒ تصوف اور طریقت سے بھی وابستہ تھے۔ اور علاقہ میں دین کے احیاء کیلئے آپکی کوششیں قابل ذکر ہیں۔ مولانا مرحومؒ نے اپنے تمام برخورداروں کو علم دین سے آراستہ کیا۔اور خصوصاً مولانا سید یوسف شاہ صاحب کو دار العلوم سے فراغت کے بعد دار العلوم حقانیہ اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب کی خدمت کیلئے وقف کیا۔مرحومؒ کے نماز جنازہ میں حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ، نائب مہتمم حضرت مولانا انوار الحق صاحب مدظلہ، شیخ الحدیث حضرت مولانا ڈاکٹر سید شیر علی شاہ صاحب مدظلہ، مولانا اشرف علی قریشی مہتمم جامعہ اشرفیہ پشاور اور مدیر "الحق" مولانا راشد الحق حقانی نے شرکت کی۔ جبکہ دیگر اساتذہ و اراکین مدرسہ اور سٹاف نے بھی لکی مروت جاکر پسماندگان سے تعزیت کی۔ مرحومؒ کا جنازہ لکی مروت میں ادا ہوا اور حضرت مولانا سمیع الحق صاحب مدظلہ نے نماز جنازہ پڑھائی اور مرحومؒ کی زندگی اور انکی شاندار خدمات پر روشنی ڈالی۔اس موقع پر مولانا سید شیر علی شاہ صاحب نے بھی خطاب کیا۔ادارہ اس غم میں مولانا یوسف شاہ صاحب، شیخ الحدیث مولانا مفتی حمید اللہ جان، مولانا ایوب شاہ، مولوی محمد ادریس شاہ، حافظ عطاء اللہ شاہ اور دیگر پسماندگان کے ساتھ برابر کا شریک ہے۔ دار العلوم میں مرحومؒ کیلئے فاتحہ خوانی کی گئی۔اللہ تعالیٰ مرحومؒ کو جنت الفردوس میں جگہ عطاء فرمائے (آمین)۔

**الجزائر کے سفیر کی دار العلوم آمد** : 29 نومبر بروز اتوار الجزائر کے اسلام آباد میں متعین سفیر جناب الشیخ محمد عیسیٰ صاحب از خود دار العلوم حقانیہ تشریف لائے اور حضرت مہتمم صاحب

© rasailojaraid.com